یہ کتاب یوں تو ہر علمی ذوق رکھنے والے کے لیے مفید اور کارآمد ہے مگر تفسیری ادب کا مطالعہ کرنے والوں کو اس سے نہایت اچھی رہنمائی مل سکتی ہے ۔

فارقلیط تصنیف : جناب عبدالعزیز خالد ۔ شائع کردہ : ایوان پبلشرز ۔ ۴ فیض محمد فتح علی روڈ، پاکستان چوک ، کراچی ۔ قیمت دس روپے صفحات ۴۰۰ ۔

اس ملک کی بزم شعر و ادب میں حال ہی میں جن حضرات کو شہرت اور ناموری حاصل ہوئی ہے اُن میں جناب عبدالعزیز خالد ایک نمایاں حیثیت رکھتے ہیں ۔ زیر تبصرہ کتاب میں خالد صاحب نے بڑے سلجھے ہوئے انداز میں حضور سرور کائنات کی بعثت ، صورت و سیرت ۔ بلند مراتب ، تعلیمات اور انسانیت پر عظیم احسانات کو نظم کیا ہے ۔ اُن کا کلام اُن کی زبان و بیان پر قدرت اور وسعت مطالعہ کا ہر لحاظ سے ترجمان ہے ۔ الفاظ کی بندش ، استعارے ، تشبیہات اور تلمیحات سب میں تازگی اور ندرت پائی جاتی ہے اور یُوں محسوس ہوتا ہے کہ شاعر پامال راہوں کو چھوڑ کر اپنے لیے نئی راہیں تلاش کرنے میں منہمک ہے ۔ اس میں اجنبیت کا احساس تو بلاشبہ ہوتا ہے لیکن اس سے جمود ٹوٹتا ہے اور تفکر و احساس کو آگے بڑھنے کی تحریک ہوتی ہے ۔ فاضل شاعر نے آخر میں تلمیحات کی تشریح کے لیے نہایت قیمتی مواد فراہم کر دیا ہے ۔ کتاب کا معیار طباعت نہایت اچھا ہے ۔

ISLAM AND ITS CONTEMPERARY FAITHS
اسلام اور اُس کے ہم عصر مذاہب تالیف : پروفیسر محمود احمد بریلوی ۔ ملنے کا پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۵۲۹۴ ، کراچی ۔ صفحات ۲۹۳ ۔ قیمت ۱۰ روپیے

اس کتاب کے فاضل مصنف دنیائے اسلام کی جانی پہچانی شخصیت ہیں ۔ وہ ایک مدت سے یورپ ، مشرق وسطیٰ اور افریقہ میں دین حق کا پیغام پہنچانے میں سرگرم عمل ہیں ۔ چونکہ وہ ان ممالک کے معاشرتی ماحول اور غیر مسلم تبلیغی اداروں کی سرگرمیوں سے براہ راست واقف ہیں اس لیے وہ اسلامی تعلیمات کو بہتر انداز اور سلیقے سے پیش کر سکتے ہیں ۔